اردو یونیورسٹی ریگولر کورسس میں داخلے۔آخری تاریخ میں 20 ر جون تک توسیع

حیدرآباد،10 ر جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تعلیمی سال 21-2020 کے لیے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سٹیلائٹ کیمپسوں لکھنو و سری نگر کے علاوہ مختلف ریاستوں میں موجود کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنیکس کے لیے ریگولر کورسس میں آن لائن داخلے جاری ہیں۔ انٹرنس کی اساس پر داخلے کے کورسز درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 20 ر جون تک توسیع کی گئی ہے جبکہ میرٹ کی بنیاد پر داخلوں کی آخری تاریخ 10 ر اگست ہے۔ پروفیسر ایم ونا جا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے بموجب درخواست گذاروں اور اولیائے طلبہ کی نمائندگی پر یہ توسیع کی گئی ہے۔ انٹرنس ٹسٹ شیڈیول کے مطابق 4 اور 5 ر جولائی کو ہی منعقد ہوں گے۔ اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی ملک کی یہ واحد جامعہ ہے۔ یونیورسٹی میں گذشتہ سال ہیڈ کوارٹر میں بیچلر آف ووکیشنل کورسس کے تحت میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی اور میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی کے دو نئے کورسس متعارف کئے گئے تھے جن میں داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جارہا ہے۔ تمام درخواست گزاروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم دسویں/ بارہویں میں اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کر چکے ہوں یا بحیثیت زبان یا مضمون، اردو کامیاب ہوں یا مصرحہ مدرسوں سے فارغ ہوں جن کا ذریعہ تعلیم اردو ہو۔ تمام پروگراموں کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔ تمام پروگراموں میں داخلے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس میں بھی دستیاب ہیں۔ درخواستیں یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کے لیے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ ایس سی / ایس ٹی / او بی سی / معذور / ای ڈبلیو ایس امیدواروں کے مختلف پروگراموں میں داخلے کیلئے تحفظات حکومت ہند کے ضوابط کے مطابق رہیں گے۔ یونیورسٹی میں ہاسٹل کی محدود گنجائش فراہم ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا
حیدرآباد۔ 11/جون 2020ء، جمعرات

محمد منتظم کو ایجوکیشن میں پی ایچ ڈی

حیدرآباد، 10/جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیم و تربیت کے اسکالر محمد منتظم ولد غلام نظام الدین کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار

دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''اردو اور انگریزی میڈیم کے ثانوی سطح کے طلبا کی تعلیمی تحصیل ۔ ان کے جذباتی ذہانت، مطالعاتی عادات و اطوار اور تحصیلی محرکہ کے حوالے سے'' پروفیسر محمد مشاہد، شعبۂ تعلیم و تربیت ، مانو کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 13/مئی 2020ء کو منعقد ہوا تھا۔

Siasat

محمد منتظم کو ایجوکیشن میں پی ایچ ڈی کی ڈگری

حیدرآباد ۔ 10 ۔ جون : (پریس نوٹ) : مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی شعبہ تعلیم و تربیت نے محمد منتظم ولد غلام نظام الدین کو پی ایچ ڈی ڈگری کا مستحق قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ 'اردو اور انگریزی میڈیم کے ثانوی سطح کے طلباء کی تعلیمی تحصیل ۔ ان کے جذباتی ذہانت، مطالعاتی عادات و اطوار اور تحصیلی محرکہ کے حوالے سے' پروفیسر محمد مشاہد شعبہ تعلیم و تربیت ، مانو کی نگرانی میں مکمل کیا۔۔

Standard Post

MANUU awards Ph.D. to Mohd. Muntazim

(By SP Bureau)

Hyderabad, June 10 : Maulana Azad National Urdu University has declared Mr. Mohd. Muntazim, son of Mr. Gulam Nizamuddin qualified in Doctor of Philosophy in Education. He has worked on the topic & Academic Achievement of Urdu and English Medium Secondary School Students in Relation to their Emotional Intelligence, Study Habits and

Achievement Motivation' under the supervision of Prof. Mohd. Moshahid, Professor, Education & Training, MANUU.